© rasailojaraid.com



# اندھیارے اجالے

از جناب آباد شاہ پوری
ضخامت ۲۸۸ صفحات بڑا سائز
کاغذ کتابت طباعت عمدہ
قیمت بائیس روپے پچاس پیسے
ناشر، مکتبہ چراغ اسلام ۔ ۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

جناب آباد شاہ پوری مدیر معاون ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں، وہ ایک کہنہ مشق صحافی اور صاحب طرز ادیب ہیں، ان کی تحریروں میں بلا کی شگفتگی، روانی اور تاثیر ہوتی ہے۔ مبداء فیض نے انہیں فطرتِ سلیم سے نوازا ہے۔ ان کی تمام تحریروں کا محور اخلاق اور معاشرے کی اصلاح یا دینِ حق کی سربلندی ہے۔ زیر نظر کتاب ان کے ایسے ۲۷ مضامین کا مجموعہ ہے جو انہوں نے چند سال پہلے کسی خبر کو پڑھ کر یا کسی واقعے سے متاثر ہو کر مختلف رسائل و جرائد میں "جہاں پیما" کے نام سے لکھے تھے۔ فاضل مؤلف نے تمام مضامین کی از سرِ نو نوک پلک سنواری ہے اور ان میں اضافہ بھی کیا ہے۔ اب ان کے اپنے قول کے مطابق "موضوع و مندرجات کے اعتبار سے قارئین انہیں بالکل تر و تازہ پھولوں کی طرح شگفتہ اور شاداب پائیں گے۔"

چند عنوانات سے ان مضامین کو بوقلمونی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

نحق دلبند و راہِ مصطفےٰ رد، متاع چند روزہ، فلسفۂ ارتقاء، ظلمت سے نور تک، مکارمِ اخلاق جب ضمیر بیدار ہوتا ہے، غیرت ہے بڑی چیز، اسلامی شعائر کا نیا روپ، تن آسان روپ، تن آسان مومن، منکرینِ سنت کا فریب، عید آزاداں شکوہ ملک و دین، چہرہ روشن، اندرون تاریک تر، سندر سے جیرہ دستاں، انقلاب اے انقلاب!

اس گلدستۂ سدا بہار کی اشاعت کا مقصد بھی فاضل مصنف نے خود ہی بدیں الفاظ بیان کر دیا ہے کہ "ہم اپنے گرد و پیش رونما ہونے والے واقعات سے عبرت و نصیحت کا درس لینا سیکھیں اور اپنے فکر و نظر اور کردار و عمل میں وہ انقلاب لائیں جو حقیقی اسلامی زندگی کا مطلوب و مقصود ہے۔"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ کتاب ہمارے تعمیری ادب میں ایک گراں قدر اضافہ ہے، اسلوب نگارش شستہ و رفتہ اور انتہائی دلکش ہے۔ کوئی کتب خانہ اور پڑھا لکھا مسلمان گھرانہ اس کتاب سے خالی نہیں رہنا چاہیے۔ (طالب ہاشمی)

# ترجمان کی ایجنسیاں

- ملک اینڈ سنز نیوز ایجنٹ بک سیلرز، ریلوے روڈ سیالکوٹ۔
- قریشی بک ڈپو شکر گڑھ ضلع سیالکوٹ۔
- محمد سعید صاحب ایجنسی کھجور مارکہ صابن، بازار ناندلیانوالہ ضلع فیصل آباد
- حاجی ملک محمد ابراہیم صاحب دکاندار مین بازار ٹیکسلا، تحصیل و ضلع راولپنڈی۔
- مولانا محمد عبداللہ صاحب، خطیب جامع اہلحدیث، صدر، راولپنڈی۔
- حکیم محمد یوسف صاحب نزد بیتیہ کی جامع مسجد اہلحدیث، شاہ فیصل شہید روڈ لعل چند باغ میرپور خاص سندھ
- منشا بکسٹال بالمقابل ریلوے سٹیشن گوجرانوالہ ٹاؤن۔
- خواجہ نیوز ایجنسی لودھراں، ضلع ملتان۔
- حافظ عبدالحق صاحب معرفت مولوی علی احمد صاحب کریانہ سٹور، تحصیل بازار، بہاولنگر
- مرکز ادب حسین آگاہی، ملتان شہر۔
- محمد ابراہیم صاحب نیوز ایجنٹ، عباس سائیکل ورکس، بلاک نمبر ۱۹، سرگودھا۔
- مولانا محمد اسماعیل صاحب خادم مسجد اہلحدیث بازار، فیصل آباد
- میاں عبدالرحمان حماد صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث، قبولہ ضلع ساہیوال۔
- محمود برادرز کریانہ مرچنٹس، چمن بازار، ہارون آباد، ضلع بہاولنگر۔
- محمد الیاس صاحب کمبوہ، کمبوہ ہوٹل، شہید لاکھوٹ۔ لارڈ کاٹن دستیاب

مکتبۂ ادب، چوک نیلا گنبد۔ لاہور۔

© rasailojaraid.com